سوال

جنت میں داخل ہونے کےلیے شادی کی شرط

جواب

الحمدللہ

دین اسلام جنت میں داخل ہونے کےلیے شادی کی شرط نہیں لگاتا، لیکن جب انسان کو حرام میں پڑنے کا خدشہ ہو تو پھر شادی کرنا ضروری ہے، اوراگر وہ اس حالت میں شادی نہیں کرتا تو غلطی پر ہے

اور سوال میں دوسرے حصہ کی مناسبت سے گزارش ہے کہ شادی کے بغیر بھی شخص متقی وپرہیزگار ہوسکتا ہے لیکن یہ بہت ہی نادر ہے، اوراگر مرد وعورت میں سے کوئی بھی شادی نہیں کرتا تو غالبا یا تو وہ شادی کرنے سے عاجز ہوتا ہے، یا پھر بدکار جیسا کہ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے شادی نہ کرنے والے ایک شخص کو فرمایا تھا :

"تجھے شادی سے یا تو فسق وفجور روک رہا ہے یا پھر تم شادی کرنے سے عاجز ہو"

بہر حال اسلام شادی کرنے کی ترغیب دلاتا ہے اور اسے رسولوں کی سنت شمار کرتا ہے، اور ترک نکاح اور شادی نہ کرنے کو صحیح نہیں سمجھتا چاہے یہ عبادت کےلیے فارغ ہونے کےلیے کیا جائے کیونکہ فرمان ہے :

"اسلام میں رہبانیت نہیں ہے"

والله اعلم.